LMS ID / 38518 　　نام: زینب بشیر

# بڑھتی ہوئی آبادی پاکستان کیلئے ایک سنگین مسئلہ ہے۔

1 تعارف:

2 آبادی میں اضافہ کے اسباب

2(i) زچگی کی شرح میں اضافہ

2(ii) تعلیم اور آگاہی کی کمی

2(iii) غربت اور وسائل کی کمی

2(iv) صحت کی سہولتوں کی کمی

3 آبادی کے اضافے کے نقصانات

3(i) وسائل پر دباؤ

3(ii) تعلیمی نظام پر بوجھ

3(iii) بے روزگاری اور غربت میں اضافہ

3(iv) ماحولیاتی آلودگی

3(v) پاکستان کی معاشی ترقی پر منفی اثرات

4(i) بڑھتی آبادی پر قابو پانے کے اقدامات

4(i) تعلیمی و آگاہی مہمات

4(ii) خواتین کی تعلیم اور صحت کی سہولتوں کی فراہمی

4(iii) حکومت کا کردار اور پالیسی سازی

5 نتیجہ / حاصل کلام

بڑھتی ہوئی آبادی پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک کیلئے ایک سنگین مسئلہ ہے ملکی ترقی کے لیئے قوم اور حکومت دونوں کو مل کر اسے حل کرنا ہوگا

DATE: ______ DAY: ______

اس بڑھتی ہوئی آبادی کا پاکستان کی معاشی، سماجی اور ماحولیاتی حالات پر گہرا اثر پڑ رہا ہے۔ اس مسئلے کو سنجیدگی سے دیکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کیونکہ اس کا نہ صرف موجودہ بلکہ مستقبل پر بھی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

آبادی میں اضافے کی بہت سی وجوہات ہیں۔

پاکستان میں زچگی کی شرح بہت زیادہ ہے جسکی وجہ سے ہر سال لاکھوں بچے پیدا ہوتے ہیں اسکی بنیادی وجہ تعلیمی سطح کی کمی اور خاندانوں میں بچوں کی خواہش ہوتی ہے۔

تعلیم کی کمی کی وجہ سے بیشتر افراد خصوصاً دیہی علاقوں میں آبادی کی منصوبہ بندی اور پیدائش کی کنٹرول کی اہمیت سے ناواقف ہیں جسکی وجہ سے آبادی بڑھتی ہے۔

پاکستان میں غربت کی شرح بہت زیادہ ہے جب غربت زیادہ ہوتی ہے تو وسائل بھی کم ہوتے ہیں آبادی بڑھنے کی وجہ سے وسائل کم ہوتے ہیں اور غربت کو تقویت ملتی ہے۔ معیارِ زندگی کم ہوتا ہے۔ سہولتوں کا فقدان ہوتا ہے۔

آبادی بڑھنے کی وجہ سے صحت کی سہولتوں میں کمی واقع ہوتی ہے ہسپتال کم پڑ جاتے ہیں۔ اور لوگوں کو بہتر سہولیات میسر نہیں آتیں۔ بہت سارے لوگ غربت اور محدود وسائل کی وجہ سے

DAY:

DATE:

ہسپتالوں کا رخ ہی نہیں کر پاتے. اور شرح اموات میں اضافہ ہوتا ہے۔

آبادی میں اضافے کی وجہ سے پانی، خوراک، توانائی اور دیگر وسائل پر دباؤ بڑھ رہا ہے جسکی وجہ سے ان کی کمی کا سامنا ہوتا ہے بڑھتی آبادی کو رہائش کے لیے مکانات کی ضرورت ہوتی ہے جسکی وجہ سے زرعی زمین کو ختم کر کے ان کی تعمیر کی جاتی ہے نتیجے کے طور پر خوراک، فصلیں اور روزگار کی کمی دیکھنے میں آتی ہے کیونکہ بہت سی آبادی زرعی پیداوار سے منسلک ہوتی ہے۔

آبادی میں اضافے کی وجہ سے تعلیمی نظام پر بوجھ پڑتا ہے. آبادی کے باعث تعلیمی اداروں میں جگہ کی کمی اور تعلیمی معیار میں کمی آرہی ہے جسکے نتیجے میں تعلیم کا معیار متاثر ہوتا ہے. اعلیٰ طبقہ اچھی تعلیم حاصل کرتا ہے اور نچلے طبقے میں معیار تعلیم گر جاتا ہے جسکی وجہ سے روزگار کے مواقع میسر نہیں آتے اور ملک پر بے روزگاری کی صورت میں بوجھ بڑھتا ہے.

آبادی اور بے روزگاری کا آپس میں گہرا تعلق ہے آبادی بڑھنے سے روزگار کے مواقع کم ہوتے ہیں جس سے غربت میں اضافہ ہوتا ہے آمدن نہ ہونے کی وجہ سے معیار زندگی گر جاتا ہے اور نچلہ طبقہ انتہائی کسمپرسی کی حالت میں زندگی گزارتا ہے آبادی بڑھنے

DATE:________ DAY:________

وسائل کم ہوتے ہیں اور نتیجے میں اشیاء کی قیمت بڑھتی ہے اور لوگوں کی پہنچ سے دور ہو جاتی ہیں اور غربت میں اضافہ ہوتا ہے۔ لوگ بنیادی سہولتوں سے محروم ہو جاتے ہیں۔

آبادی میں اضافے سے ماحول پر گہرا اثر پڑتا ہے۔ فضائی آلودگی، پانی کی آلودگی اور جنگلات کی کٹائی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ گھر بنانے کے لیے جنگلات کاٹے جا رہے ہیں جبکہ نتیجے میں ماحول پر برا اثر پڑ رہا ہے۔ آبادی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے صنعتیں لگائی جاتی ہیں جس سے فضا اور پانی دونوں آلودہ ہو رہے ہیں۔ اور نتیجے میں ماحولیاتی آلودگی کا باعث بن رہے ہیں۔

غربت سے معاشی ترقی پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ آبادی کے بڑھنے سے قدرتی وسائل کی کھپت زیادہ ہوتی ہے۔ وسائل محدود ہوتے ہیں تو پیداوار کی شرح میں کمی آتی ہے۔ کم وسائل اور کم سرمایہ کاری کی وجہ سے کاروباری سرگرمیاں سست پڑ جاتی ہیں جو کہ معیشت کے لیے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ غربت کی حالت میں لوگ اپنی صلاحیتوں کو بہتر کرنے کے لیے سرمایہ کاری نہیں کر پاتے جس سے انسانی سرمایہ کی کمی ہوتی ہے۔ اس کا اثر نہ صرف افراد بلکہ پورے ملک کی معیشت پر پڑتا ہے۔ معاشی عدم مساوات بڑھتا ہے۔ امیر اور غریب کے درمیان فرق بڑھتا ہے اور معاشرتی اور اقتصادی تناؤ بڑھتا ہے۔

DATE:________ DAY:________

جو ملک کے اقتصادی استحکام کو متاثر کرتا ہے۔

ملک و قوم کی ترقی کے لیے آبادی کے بڑھتے سیلاب پر قابو پانا ہوگا۔ تعلیمی اداروں میں آبادی کے حوالے سے آگاہی بڑھانے کے لیے پروگرامز اور مہمات شروع کی جائیں تاکہ لوگ اس مسئلے کی سنگینی کو سمجھیں حکومت کو چاہیے کہ وہ آبادی کی منصوبہ بندی کے حوالے سے آگاہی فراہم کرے اور لوگوں کو بچوں کی پیدائش کنٹرول کرنے کے فوائد سے آگاہ کرے۔

خواتین کی تعلیم میں اضافہ کیا جائے تاکہ وہ اپنے خاندان کی منصوبہ بندی کے بارے میں آگاہ ہو سکیں اور انہیں بہتر فیصلہ کرنے کی صلاحیت ملے۔ صحت کے شعبے میں اصلاحات کی جائیں تاکہ لوگوں کو مناسب علاج کی سہولت مل سکے۔ اور انہیں بچوں کی پیدائش کے حوالے سے آگاہی فراہم کی جائے

بڑھتی ہوئی آبادی کی سنگینی کم کرنے کے لیے حکومت کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ حکومت کو ایسی پالیسیاں وضع کرنی ہوں گی جو آبادی کے اضافے کو کنٹرول کرنے میں مدد فراہم کریں۔ اسکے لیۓ حکومت کو فیملی پلاننگ کے حوالے سے قوانین بنانے ہوں گے اور ان پر عمل درآمد کو یقینی بنانا ہوگا۔ حکومت کو میڈیا اور دیگر ذرائع کو استعمال کرتے ہوئے عوامی آگاہی مہمات چلانی ہوں گی۔ ان مہمات میں خاص طور پر خواتین، دیہی علاقوں کے لوگوں اور کم تعلیم یافتہ طبقات کو نشانہ بنانا

DATE:________ DAY:________

چاہیے۔
آبادی کے اضافے کو کنٹرول کرنا ایک پیچیدہ اور
اہم مسئلہ ہے جس کا حکومت پر بڑا اثر پڑتا ہے۔ اگر
حکومت اس پر بروقت اور مؤثر پالیسیوں کے ذریعے
قابو پانے میں کامیاب ہو جاتی ہے تو پاکستان میں معاشی اور
سماجی ترقی کی راہ ہموار ہو سکتی ہے اسکے لیۓ حکومت
معاشرتی اداروں اور عوام کو مل کر کام کرنا ہوگا تاکہ
آبادی کے اس مسئلے کا حل نکالا جا سکے۔